# CORRIGENDUM

# پاکستان تمباکو بورڈ نوٹس نیلامی ٹھیکہ برائے وصولی تمباکو سیس (CESS)
# 01-01-2024 تا 30-06-2024

پاکستان تمباکو بورڈ صوبہ بلوچستان میں تمباکو سیس جمع کرنے کے حقوق کی مورخہ 2023-12-19، بوقت 11:00 بجے صبح بورڈ کے ہیڈ آفس، پشاور میں نیلامی کرے گا۔ قومی شناختی کارڈ اور NTN سرٹیفکیٹ کے حامل خواہشمند ٹھیکیدار جو سیس (cess) / ریونیو وصولی کا تجربہ رکھتے ہوں کو نیلام عام میں شرکت کیلیے مطلع کیا جاتا ہے۔

## نیلام کی شرائط و ضوابط درج ذیل ہیں

1- ٹھیکے کی میعاد چھ مہینے (یکم جنوری 2024 سے 30 جون 2024) تک کے لیے ہو گی۔

2- نیلامی 2023-12-19 کو ٹھیک 11:00 بجے شروع ہو گی۔ تمام ٹھیکیدار حضرات اپنے NTN سرٹیفکیٹ اور شناختی کارڈ (CNIC) کی کاپی 10:30 بجے سے پہلے متعلقہ کمیٹی کے پاس کمیٹی روم میں جمع کرائیں۔ قومی شناختی کارڈ اور این ٹی این (NTN) سرٹیفکیٹ کے بغیر بولی کی اجازت نہیں ہو گی۔

3- ہر بولی دہندہ کو مبلغ 20 لاکھ روپے کا بینک ڈرافٹ بطور سیکورٹی / زرضمانت بنام چیرمین پاکستان تمباکو بورڈ 2023-12-19 کو 10:30 بجے تک جمع کرانا ہو گا۔ جو بولی دہندگان کو نیلامی دہندہ کو نیلامی کے اختتام پر ماسوائے اول اور دوم سب سے زیادہ بولی دینے والوں کو واپس کر دیا جائے گا۔ مقرر وقت کے بعد کوئی کال ڈپازٹ قابلِ قبول نہیں ہو گا۔

4- چیرمین، پی، ٹی، بی تمام پیشکشوں کو منظوری سے پہلے کسی بھی مرحلے پر مسترد کرنے اور نیلام عام دوبارہ منعقد کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

5- کامیاب بولی دہندہ کو پاکستان تمباکو بورڈ کے ساتھ ایک معاہدہ (ایگریمنٹ) کرنا ہو گا جس میں نیلام سے پہلے اعلان کردہ شرائط و ضوابط شامل کئے جائیں گئے۔

6- کامیاب بولی دہندہ کو اپنی پیشکش کا 25٪ حصہ بمعہ 10٪ انکم ٹیکس نیلامی کے اختتام پر اسی دن جمع کرانا ہو گا اور بقایا رقم دو یکساں اقساط میں ہر دو ماہ بعد یعنی یکم مارچ 2024 اور دوئم یکم مئی 2024 کو جمع کرانا ہوں گی۔

7- اگر کامیاب بولی دہندہ اپنی پیشکش کا 25٪ بمعہ 10٪ انکم ٹیکس اسی دن جمع کروانے میں ناکام رہا تو اسکا زرضمانت بحق پاکستان تمباکو بورڈ ضبط کر لیا جائے گا۔ اور بروئے قانون دوسرے نمبر پر آنے والے ٹھکیدار کو پیشکش کی جائے اور اسے بھی اپنی بولی کا 25٪ اور 10٪ انکم ٹیکس ایک دن میں جمع کروانا ہو گا، ناکامی کی صورت میں اسکا زرضمانت بھی ضبط کر لیا جائے گا۔

8- کامیاب بولی دہندہ کو ایگریمنٹ کے دستخط کرنے سے پہلے بولی کا 25٪ رقم اور 10٪ انکم ٹیکس کے برابر بینک گارنٹی (Bank Guarantee) یا بقایا 75٪ ٹھیکے کی رقم بمعہ 10٪ انکم ٹیکس کے برابر انشورنس کور بیج مستحکم انشورنس کمپنی جو کہ مدت چھ مہینوں کے لیے کار آمد ہو، بحق پاکستان تمباکو بورڈ جمع کرانی ہو گی۔ کامیاب بولی دہندہ کو اس کی زرضمانت گارنٹی جمع کرنے کے بعد واپس کر دی جائے گی۔

9- ٹھیکدار کی جانب سے کوئی قسط مقررہ وقت پر جمع نہ کرنے کی صورت میں پاکستان تمباکو بورڈ بینک گارنٹی سے قسط کی رقم وصول کرے گا۔ اور اس صورت میں ٹھیکیدار کو ٹھیکہ کی رقم کی بولی کا 25٪ اور 10٪ انکم ٹیکس کے برابر ایک اور بینک گرانٹی یا بقایا ٹھیکے کی رقم بمعہ 10٪ انکم ٹیکس کے برابر انشورنس کور بیج مستحکم انشورنس کمپنی پندرہ دن کے اندر جمع کرانی ہو گی۔ مقررہ مدت تک بینک گارنٹی جمع نہ کرانے کی صورت میں پاکستان تمباکو بورڈ ٹھیکے کی بقایا مدت کا ٹھیکہ منسوخ کرنے کا اختیار محفوظ رکھتا ہے۔

10- کامیاب بولی دہندہ / ٹھکیدار درج ذیل شیڈول کے مطابق اپنے خرچ اور انتظامات کے تحت سیس وصولی کرے گا۔

| S.No. | Type of Tobacco | Rate | Remarks |
|---|---|---|---|
| 1. | Flue-Cured Virginia | Rs.9.30 per kg | i. Cess on original/indicated requirements of tobacco companies having ciggarette manufacturing units duly advertised, shall not be charged by the Cess Collection Contractor.<br>ii. Cess shall not be levied on stem, khaka, kara and rorh. |
| 2. | Naswar/Snuff/Hookah and other Rustica Tobacco and its products | Rs.4.38 per kg | -do- |
| 3. | Dark Air Cured-Tobacco (DAC) | Rs.5.70 per kg | -do- |

11- وفاقی حکومت کی طرف سے مذکورہ بالا سیس ریٹ میں اضافے کی صورت میں ٹھیکے کی رقم میں اسی تناسب سے اضافہ کیا جائیگا۔ جسکی ادائیگی ٹھیکیدار پر لازم ہو گی۔

12- سگریٹ کمپنیوں کی اعلان کردہ ضرویات بر آمدات کی غرض سے تمباکو کی نقل و حمل جو کمپنی کے متعین کردہ کوٹہ برائے سال 2024 کے اندر ہو اور پرانا سٹاک جو پی ٹی بی سے تصدیق شدہ ہو، سیس سے مستثنٰی ہوں گی۔ تفصیلات تمباکو بورڈ کے دفتر سے درخواست پر مہیا کی جاسکتی ہیں۔

13- اگر ٹھیکدار مقررہ مدت میں Cess کسی بھی وجہ سے اکٹھا کرنے میں ناکام رہا تو بورڈ ٹھیکے کے معاہدے میں کوئی ترمیم نہیں کرے گا اور اس سلسلے میں نہ ہی کوئی رقم واپس کرنیکا پابند ہو گا۔ ٹھکیدار کو کوئی اختیار نہیں ہو گا کہ وہ نقصان کا ازالہ پاکستان تمباکو بورڈ سے مانگے۔ ٹھیکدار اپنے مقرر کردہ شیڈول کے مطابق بورڈ کو رقم ادا کرنے کا پابند ہو گا اور اس ضمن میں ٹھیکے کی رقم ادا نہ کرنے کا کوئی جواز قابل قبول نہ ہو گا۔

14- تفصیلی قواعد وضبوابط جن کا اعلان نیلامی کے وقت کیا جائے گا، پاکستان تمباکو بورڈ کی ویب سائٹ www.ptb.gov.pk پر بھی ملاحظہ کی جاسکتی ہیں

15- تمباکو سے منسلک ایسی دیگر سرگرمیاں جن کی ہدایات وفاقی حکومت وقتاً فوقتاً کرتی ہے پوری کرنے کی ذمہ داری ٹھیکدار کی ہو گی۔


**ڈائریکٹر زونل آفس، پاکستان تمباکو بورڈ**

**152-پی، گلبرگ-III، فیروز پور روڈ، لاہور**

**فون نمبر: 042-35917806042-99230435**